## ملک کی موجودہ صورتحال کے باعث پاکستان اورلندن میں اے پی ایم ایس او کے یوم تاسیس کے اجتماعات اور کراچی میں یادگار شہداء کی افتتاحی تقریب ملتوی کردی گئی ہے، رابطہ کمیٹی کا اعلان

کراچی۔۔۔30مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک کی صورتحال کے باعث پاکستان اورلندن میں اے پی ایم ایس او کے یوم تاسیس کے اجتماعات اورکراچی میں یادگارشہداء کی افتتاحی تقریب ملتوی کرنے اورایم کیوایم کی مالی صورتحال کے باعث ایم کیوایم کے انفارمیشن سیل کا شعبہ کیم ونگ کوبند کردیا گیاہے ۔ یہ فیصلے گزشتہ روزخورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے مشترکہ اجلاس میں کیے گئے جس میں رابطہ کمیٹی کے تمام اراکین نے شرکت کی ۔رابطہ کمیٹی کے فیصلے کے مطابق پاکستان کی موجودہ صورتحال کی بناء پر 11؍جون 2010ءکوکراچی سمیت پاکستان بھرجبکہ 12؍جون کولندن میں اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے اجتماعات ملتوی کردیئے گئے ہیں اسی طرح19؍جون2010ءکوجناح گراؤنڈعزیزآباد میں یادگارشہداء کی تقریب بھی ملتوی کردی گئی ہے۔

## اے این پی صوبہ خیبر پختونخوا میں اپنی ناکامی، نااہلی، ہوشربا کرپشن اورصوبہ کے پختون عوام کے ساتھ اپنی زیادتیوں اور بدسلوکیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے کراچی میں پختونوں کے ساتھ زیادتیوں کا واویلا کررہی ہے۔واسع جلیل

## وہ پختون جو برسوں سے کراچی میں آباد ہیں اورجنکی بہت بڑی تعدادایم کیوایم کی ہمدرد ہے،ان سے ان کی زبان میں پوچھ لیں کہ ایم کیوایم ان کی دشمن ہے یاہمدرد ہصوبہ خیبر پختونخوا میں روزگار،تعلیم، پانی،بجلی اوردیگر حقوق سے محروم پختونوں کیلئے اے این پی نے دوسال میں کیا کیا؟

لندن۔۔۔30 مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنمااوروفاقی وزیرغلام احمد بلور کے اشتعال انگیز بیان پرتبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اے این پی صوبہ خیبر پختونخوا میں اپنی ناکامی، نااہلی، ہوشربا کرپشن اورصوبہ کے پختون عوام کے ساتھ اپنی زیادتیوں اور بدسلوکیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے کراچی میں پختونوں کے ساتھ زیادتیوں کا واویلا کررہی ہے ۔اپنے ایک بیان میں واسع جلیل نے کہا کہ غلام احمد بلوراوراے این پی کے دیگررہنما جوملک بھر میں ایم کیوایم کوپختون مخالف بنا کرپیش کررہے ہیں ہم ان سے کہتے ہیں کہ وہ ان پختونوں سے جوبرسوں سے کراچی میں آباد ہیں اورجن کی بہت بڑی تعدادایم کیوایم کی ہمدردبھی ہے،ان سے ان کی زبان میں پوچھ لیں کہ ایم کیوایم ان کی دشمن ہے یاہمدرد ہے ۔واسع جلیل نے غلام احمد بلور سے سوال کیا کہ وہ قوم کوجواب دیں کہ اگراے این پی واقعی پختونوں کی ہمدرد ہے تووہ صوبہ خیبر پختونخوا جہاں اے این پی کی حکومت ہے وہاں پختونوں کے ساتھ کونسا اچھا سلوک کررہی ہے؟ غلام احمد بلور جواب دیں کہ گزشتہ روز پشاور میں جی ٹی روڈ پرلوڈشیڈنگ کے خلاف مظاہرہ کرنے والے پختونوں پرلاٹھی چارج اورتشدد کس نے کیا؟اپنے حق کیلئے مظاہرہ کرنے والے پختونوں پر فائرنگ اورشیلنگ کس نے کی؟ان پرڈنڈے کس نے برسائے ؟انہیں کس نے گرفتارکیا؟ان پختونوں پر یہ ظلم کیاایم کیوایم والوں نے کیایااے این پی کی حکومت نے کیا؟صوبہ خیبر پختونخوا میں روزگار،تعلیم،صاف پانی،بجلی اوردیگر حقوق سے محروم پختونوں کیلئے اے این پی نے دوسال میں کیا کیا؟ کراچی میں پختونوں کے قتل کا پروپیگنڈہ کرنے والے غلام احمد بلور جواب دیں کہ اے این پی کے دوسالہ دورحکومت میں صوبہ خیبر پختونخوا میں جو ہزاروں پختون مائیں،بہنیں، بزرگ،نوجوان اور بچے خودکش حملوں، بم دھماکوں اوردہشت گردی کی وارداتوں میں

جاں بحق ہوئے ان کا خون کس کی گردن پر ہے ۔واسع جلیل نے کہا کہ دراصل غلام احمد بلور کراچی میں پختونوں کے قتل کا واویلا کرکے سادہ لوح پختونوں کو بیوقوف بنانے کی کوشش کررہے ہیں تاکہ اپنی ناکامی پر پردہ ڈالیں۔

## پاکستان ریلوے کو دیوالیہ ہونے سے بچایا جائے، حق پرست سینیٹرز

کراچی۔۔۔30مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے پاکستان میں ٹرین سروس مکمل طور پر بند کرنے کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ وزارت ریلوے کی جانب سے ریلوے نظام کو بہتر بنانے کیلئے تاحال کوئی اقدامات نہیں کئے جارہے ہیں جبکہ متعدد ٹرینوں کی بوگیاں کم کردی گئی ہیں اور اے سی پالر بھی ختم کردیئے گئے جس کے باعث مسافروں کو شدید پریشانیوں اور مشکلات کا سامنا ہے اور وہ بسوں کے ذریعے بھاری کرائے ادا کرکے اندرون ملک سفر کرنے پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریلوے کا ادارہ ٹرینوں کے ذریعے ملک بھر کے عوام کو سستی سفری سہولیات کی فراہم کررہا ہے اور اس ادارے کو بند کرنے کی تیاریاں عوام دشمنی کے مترادف ہے۔حق پرست سینیٹرز نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پاکستان میں ٹرین سروس مکمل طور پر بند کرنے کی اطلاعات کا فی الفور نوٹس لیا جائے،قومی ادارے کو تباہی سے بچایا جائے اور اس کے ذمہ دار افراد کے خلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ جوہر B کے کارکن محمد ثاقب خان کے والد محمد خلیل خان، ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن فراز کے والد سید مسرور علی، ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ I/A کے جوائنٹ یونٹ انچارج نادر علی کی والدہ محترمہ اور ایم کیو ایم ٹنڈو الہ یار زون یونٹ B-3 کے کارکن عاطف قائم خانی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## صوفی بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کی درگاہ کے سجادہ نشین کے فرزند ولی عہد سید وقار حسین شاہ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات
## 14، جون کو بھٹ شاہ میں ہونے والی حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کی سالگرہ کی تقریب میں ایم کیو ایم کو شرکت کی دعوت دی

کراچی۔۔۔30مئی2010ء

صوبہ سندھ کے صوفی بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کی درگاہ کے سجادہ نشین سید نثار حسین شاہ کے فرزند ولی عہد سید وقار حسین شاہ گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور اشفاق منگی سے ملاقات کی اور 14 جون کو بھٹ شاہ میں منعقد ہونے والی حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کی سالگرہ کی تقریب میں ایم کیو ایم کو شرکت کی دعوت دی۔اس موقع پر ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین غلام دستگیر، ڈاکٹر عنایت سومرو اور آفتاب سومرو بھی موجود تھے۔ملاقات میں سید وقار حسین شاہ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پیغام لطیفؒ کے سچے داعی ہیں اور پیغام لطیفؒ کو دنیا میں عام کرنے کیلئے اہم کردار ادا کررہے ہیں۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کی درگارہ کے سجادہ نشین سید نثار حسین شاہ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور سالگرہ کی تقریب میں شرکت کی یقین دہانی کرائی۔

## بجلی کے نرخ میں اضافہ غریب عوام پر ظلم ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔30مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے نیپرا کی جانب سے بجلی کے نرخ میں اضافے کی شدید مذمت کی ہے اور اس فیصلے کو ملک بھر کے غریب عوام پر سراسر ظلم قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شدید گرمی کے موسم میں ملک بھر کے عوام طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کا عذاب جھیل رہے ہیں،بجلی کے بحران کے باعث کاروباری اور صنعتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں اور روزمرہ استعمال کی اشیاء بالخصوص اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے سے غریب عوام کی زندگی اجیرن بن چکی

ہے،ان حالات میں بجلی کے نرخ میں اضافہ قابل مذمت ہے۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی جانب سے بجلی کے بحران پر قابو پانے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے بجائے بجلی کے نرخ میں فی یونٹ 20 پیسے کا اضافہ سراسر عوام دشمنی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ نیپرا کی جانب سے بجلی کے نرخ میں اضافہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور ملک بھر کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## حق پرست عوام خالد بن ولایت کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔30،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل ہے کہ وہ خالد بن ولایت کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ڈاکٹر فاروق ستار اور رضا ہارون کا مقامی اسپتال کا دورہ،الطاف حسین کی جانب سے عبدالقادر لاکھانی اور خالد بن ولایت کی عیادت کی

کراچی۔۔30 مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر اور حق پرست وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار و رکن رابطہ کمیٹی اور حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے کراچی کے مقامی اسپتال جاکر مرکزی ایلڈرز ونگ کے رکن اور سابق حق پرست رکن صوبائی اسمبلی عبدالقادر لاکھانی و حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیر ان کے ہمراہ رہے اورانہوں نے عبدالقادر لاکھانی اور خالد بن ولایت کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

# پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)30،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے اپنے مشترکہ ترقیاتی فنڈز سے کراچی کے مختلف علاقوں میں کے جی، پرائمری اور سیکنڈری سرکاری انگلش میڈیم اسکول قائم کردیئے ہیں جہاں غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے طلبہ وطالبات کو یکساں اور سستی تعلیم دی جارہی ہے جبکہ ان اسکولوں میں داخلوں کا سلسلہ ابھی جاری ہے۔متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیوایم ملک میں دوہرے نظام تعلیمی کے خاتمے اور ''تعلیم سب کیلئے'' کے اصول پر کرتے ہوئے عام اور غریب لوگوں کے بچوں کیلئے یکساں نظام تعلیمی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اوراس جدوجہد میں اسے قابل ذکر کامیابیاں بھی حاصل ہوئی ہیں جس کے بعد غریب بچوں کیلئے حصول تعلیم نسبتاً بہتر آسان ہوگیا ہے تاہم متحدہ قومی موومنٹ اسے مزید بہتر اور ہرممکن سستا بنانے کیلئے ایک مربوط وقابل عمل پروگرام اور منصوبے رکھتی ہے۔یہ بات حق پرست ارکان قومی اسمبلی سید آصف حسنین،سفیان یوسف،ڈاکٹر ندیم احسان،ساجد احمد،عبدالوسیم اور فرحت خان نے اتوار کو یہاں ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین چاہتے ہیں کہ اچھی تعلیم سے کسی کو بھی محروم نہ رکھا جائے اس کیلئے ہمیں دہرے نظام تعلیم کا خاتمہ کرنا ہوگا اور پورے ملک کیلئے یکساں نظام تعلیم کو اپنانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں اچھے اور معیاری اسکولوں کی فیسیں اوراخراجات اتنے زیادہ ہیں کہ اٹھانوے فیصد غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد ان کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے جبکہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے بچے جن سرکاری اسکولوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں ان کا تعلیمی معیار پبلک اسکولوں، گرامر اسکولوں اور معیاری اسکولوں کے مقابلے میں نہایت پست ہے اس صورتحال کے خاتمے کیلئے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے اپنے ترقیاتی فنڈ کو مشترکہ فنڈ کی شکل دے کر چند سرکاری انگلش میڈیم اسکول کراچی کے مختلف علاقوں میں قائم کردیئے ہیں ان اسکولوں میں ان اساتذہ کا تقرر کیا گیا ہے جو شہر کے دیگر بڑے پرائیویٹ اسکولوں میں بچوں کو تعلیم دے چکے ہیں جبکہ ان تمام اسکولوں میں سارے اساتذہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تربیت یافتہ ہیں ان کا انتخاب ماہر تعلیم پر مبنی ایک کمیٹی کے ذریعے انٹرویو کے بعد عمل میں لایا گیا ہے اوران کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں ہیں، ہمارے یہ سرکاری انگلش میڈیم اسکول ایک رول موڈل کا کردار ادا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف

حسین کی خصوصی ہدایت پرحق پرست ارکان قومی اسمبلی کے مشترکہ ترقیاتی فنڈ اورسٹی گورنمنٹ کراچی کی تعاون سے کراچی میں سترہ سرکاری انگلش میڈیم اسکولوں کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے جبکہ ایسے مزید پچیس اسکولوں کا جلد آغاز کردیا جائیگا۔انہوں نے بتایا کہ گلبرگ ٹاؤن میں خاتون پاکستان انگلش اسکول،گلبرگ ٹاؤن میں ہی سر آغا خان انگلش میڈیم اسکول ، لیاقت آباد ٹاؤن میں نواب صدیق علی خان انگلش میڈیم اسکول ، نیوکراچی ٹاؤن میں طارق بن زیاد انگلش میڈیم اسکول،ملیر ٹاؤن میں خورشید بیگم انگلش میڈیم اسکول ، شاہ فیصل ٹاؤن میں نذیر حسین انگلش میڈیم اسکول اورنارتھ ناظم ٹاؤن میں نذیر حسین انگلش میڈیم اسکول پہلے ہی قائم کیے جاچکے ہیں ان اسکولوں میں طلبہ و طالبات کو داخلے باقاعدہ ٹیسٹ لینے کے بعد دیئے گئے اور کسی سفارش یا دباؤ کو قبول نہیں کیا گیا ہے یہاں نہ صرف اعلیٰ معیار کی تعلیم دی جارہی ہے بلکہ مستحق بچوں کو یونی فارم اور کتابیں بھی مفت فراہم کی جارہی ہیں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ انہیں موقع ملا تو کراچی کی طرح پورے پاکستان میں تعلیم کا عام اورسب کیلئے یکساں اورسستا کردینگے۔

☆☆☆☆☆